RGD.L.NO.5204. رسالہ محدث دہلی

کتب خانہ ... دہلی DELHI

روحِ اخبار

—— حکومت مصر کے محکمہ مساجد نے مسجدوں کے اماموں اور خطیبوں کے پاس کچھ ہدایتیں بھیجی ہیں کہ ان کو موجودہ حالات میں کس قسم کے خطبے اور وعظ سنانا چاہئیں۔ چنانچہ اس سلسلہ میں محکمہ مذکور نے خطبوں اور مذہبی اسباق کے کچھ نمونے تیار کر دیئے ہیں جو اماموں اور خطیبوں کو دیئے جائیں گے تاکہ وہ انہیں کے مطابق خطبے اور وعظ سنایا کریں۔ نمونے کے خطبوں اور سبقوں میں زیادہ تر جہاد اور قربانی وغیرہ پر زور دیا گیا ہے۔ (مدینہ)

—— معلوم ہوا ہے کہ امسال فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے جاوا کے مسلمان پہلے سے زیادہ مستعد ہیں ان کے کئی مخصوص جہاز جدہ کیلئے روانہ ہو گئے ہیں۔ امید ہے کہ جاوا، سماٹرا، جزائر ملایا وغیرہ سے امسال مسلمان کثیر تعداد میں حج کرینگے۔ (مدینہ)

—— پنجاب کے ایک بھنگی نے حکومت کو پانچ روپیہ ماہوار جنگ کے کام کیلئے امداد دینے کا وعدہ کیا ہے۔ اس نے گورنر کو ایک چٹھی لکھی ہے جس کے ساتھ اس نے اپنے وعدہ کی پہلی قسط یعنی پانچ روپیہ بھی روانہ کر دیئے ہیں (وطن)

—— پونا کے ایک پروفیسر نے ایک ایسا لیمپ ایجاد کیا ہے جس میں دیسی تیل جلایا جا سکتا ہے۔ اس وقت ہندوستان مٹی کے تیل اور پٹرول پر تین سے دس کروڑ تک سالانہ خرچ کرتا ہے۔ اور اس کی بجائے اگر سرسوں اور توریے کے تیل کا استعمال ہونے لگے تو اس خرچ میں دس سے پندرہ فیصدی روپیہ کی بچت ہو جائے گی۔ بمبئی گورنمنٹ نے پروفیسر مذکور کو تین ہزار روپیہ کی گرانٹ دی ہے تاکہ وہ اس بارے میں مزید تجربات کریں۔ (وطن)

—— ۱۹۳۸ء میں ۳۵۷ کتابوں کی رجسٹری ہوئی ان میں سے ۱۹۸ کتابیں ہندی کی اور ۶۹ اردو کی اور ۴۶ انگریزی میں تھیں (وطن)

—— نظام دکن نے حکومت برطانیہ کو جنگ کے اخراجات کیلئے ڈیڑھ لاکھ روپیہ ماہوار پیش کرنے کی درخواست کی ہے۔ اسکے علاوہ وزارت فضائیہ کو بھی ایک لاکھ پونڈ عطا فرمایا ہے۔ ملک معظم نے وائسرائے ہند کی معرفت اس عطیہ پر شاہ دکن کا شکریہ ادا کیا ہے

—— راجہ جہانگیر آباد نے جنگ کے سلسلہ میں ۱۰ ہزار روپیہ کی پیشکش کی ہے (وطن)

دارالحدیث رحمانیہ دہلی کا بیسواں سال

الحمد للہ ثم الحمد للہ کہ بتوفیق الٰہی عالی حوصلہ مہتمم کی فیاضیوں کی بدولت دارالحدیث رحمانیہ دہلی کا بیسواں سال شروع ہو چکا ہے۔ بدستور امتحان داخلہ کے بعد نئے طلبہ داخل ہو رہے ہیں۔ اور اپنی سابقہ روایات کے شایان شان مدرسہ کا تمام نظام نہایت حسن و خوبی کے ساتھ جاری ہو چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ جناب مہتمم صاحب مدظلہ العالی کو مزید توفیق بخشے اور ان پر اپنے فضل و انعام کا سایہ دائم قائم رکھے۔ آمین۔ مفصل کیفیت انشاء اللہ آئندہ درج ہوگی

جناب شیخ حاجی عبدالوہاب صاحب پرنٹر و پبلشر نے جید برقی پریس دہلی میں چھپوا کر دفتر رسالہ محدث دارالحدیث رحمانیہ دہلی سے شائع کیا۔